**20.05.2025**

**2115 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آفتاب احمد

**Music**

--------------------------------

- ☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے عالمی صحت اسمبلی کے 78ویں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے پائیدار صحت ماڈلس کے بھارت کے نظریے کو اجاگر کیا ہے۔
- ☆ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے آپریشن سندور کے دوران سرحد پار دہشت گردی کی جڑوں کے بالکل صحیح ٹھکانوں پر حملہ کرنے کیلئے بھارتی مسلح افواج کی ستائش کی ہے۔
- ☆ آپریشن سندور پر بھارت کا سفارتی رابطہ کل سے شروع ہو رہا ہے۔
- ☆ بھارت اور نیدرلینڈس دفاعی شعبے میں باہمی تعلقات اور تعاون کومستحکم کرنے پر رضامند ہوئے ہیں۔
- ☆ سپریم کورٹ نے آج جوڈیشئل سروسز میں انٹری لیول کے عہدوں پر درخواست دینے کیلئے اِس شرط کو بحال کیا ہے کہ امیدوار کو ایک وکیل کے طور پر کم از کم 3 سال کا تجربہ ہو۔
- ☆ اور گیتا Samota ماؤنٹ ایوریسٹ فتح کرنے والی مرکزی صنعتی سکیورٹی فورس CISF کی پہلی افسر بن گئی ہیں۔

--------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے---

**PM Health**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج ایک صحت مند کرۂ ارض کے مستقبل کیلئے سب کی شمولیت، ایک جامع نظریہ اور اشتراک پر زور دیا ہے۔ وزیر اعظم نے سوئٹزرلینڈ کے جینوا میں عالمی صحت اسمبلی کے 78ویں اجلاس سے ورچوئل وسیلے سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ جناب مودی نے زور دے کر کہا کہ بھارت کی صحت سے متعلق اصلاحات میں سب کی شمولیت کو مرکزی حیثیت حاصل ہے جو کہ سرکار نے ملک بھر میں ہزاروں صحت اور wellness مراکز کا ایک وسیع نیٹ ورک قائم کیا ہے۔

2100- PM Modi on Ayushman Scheme

وزیر اعظم مودی نے بھارت کے ڈیجیٹل اقدامات پر زور دیا اور صحت خدمات میں بہتری کے سلسلے میں ٹیکنالوجی کے رول کو اجاگر کیا۔

جناب مودی نے خاص طور سے عالمی خطۂ جنوب اور دنیا کے ساتھ اپنی معلومات اور بہترین طور طریقے شیئر کرنے کے معاملے میں بھارت کی دلچسپی کا بھی اظہار کیا۔

2100- New-PM Modi on Global South

**PM German Chancellor**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج جرمنی کے چانسلر Friedrich Merz سے بات کی اور انہیں اپنی ذمے داری سنبھالنے پر مبارکباد دی۔ دونوں رہنماؤں نے بھارت اور جرمنی کے درمیان کلیدی شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے کے اپنے عہد کا اعادہ کیا۔ انہوں نے علاقائی اور عالمی واقعات پر بھی تبادلۂ خیال کیا اور دہشت گردی سے نمٹنے میں متحد رہنے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔ x

**PM Amrit Bharat Stations**

وزیر اعظم نریندر مودی کل راجستھان کے Deshncke سے تجدید کیے گئے 103امرت بھارت ریلوے اسٹیشنوں کا افتتاح کریں گے۔ امرت بھارت اسٹیشن اسکیم کے تحت سٹی سینٹر کے طور پر تیار کیے گئے ریلوے اسٹیشن جدید سہولیات سے لیس ہونے کے ساتھ ساتھ علاقائی ثقافت و وراثت کی عکاسی کریں گے۔ تجدید کاری کیے جا رہے ایک ہزار 300سے زیادہ ریلوے اسٹیشنوں میں سے 18 ریاستوں کے 103ریلوے اسٹیشن تیار ہوچکے ہیں۔

اِن میں اترپردیش کے سب سے زیادہ 19ریلوے اسٹیشن شامل ہیں، اِس کے بعد گجرات کے 18اور مہاراشٹر کے 15اسٹیشن ہیں۔

اِن ریلوے اسٹیشنوں میں چوڑی سڑکیں، انڈر پاس، فٹ اوور بریج، جدید لاؤنج، قابل رسائی بیت الخلا، لفٹ اور مفت وائی فائی کی سہولتیں دستیاب رہیں گی، جنہیں معذور افراد کو ذہن میں رکھ کر ڈیزائن کیا گیا ہے اور اِن سے مسافر خدمات میں خاطر خواہ بہتری آئے گی۔ x

**UP Rajnath**

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ بھارتی مسلح افواج آپریشن سندور کے ذریعے پاکستان میں دہشت گردوں کی ایک بڑی تعداد کو ختم کرنے میں کامیاب ہوئی ہیں۔ لکھنؤ میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جناب سنگھ نے کہا کہ بھارتی فوج نے آپریشن سندور کے دوران ایک ماہر سرجن کے طور پر کام کیا اور سرحد پار دہشت گردی کے بالکل صحیح ٹھکانوں پر حملہ کیا۔

S/B 2100 Rajnath Singh on operation Sindoor

اِس موقع پر اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے کہا کہ آپریشن سندور بھارت کی عزت نفس اور خواتین کی طاقت کی ایک علامت ہے۔

اس سے پہلے وزیر دفاع نے Amausi سے Nadar Ganj تک ترنگا یاترا میں شرکت کی۔x

**REV. Misri Delegation**

آپریشن سندور پر بھارت کے سفارتی رابطے کیلئے تشکیل کئے گئے تمام پارٹیوں پر مشتمل وفود کا پہلا وفد کل چار ملکوں کیلئے روانہ ہوگا۔ شیوسینا MP شری کانت شندے کی قیادت والا وفد کل متحدہ عرب امارات، لائبیریا، ڈیموکریٹک جمہوریہ کونگو اور Serra Leone کیلئے روانہ ہوگا۔JDU ایم پی سنجے جھا کی قیادت والا وفد جمعرات کو انڈونیشیا، ملیشیا، جمہوریہ کوریا، جاپان اور سنگاپور کیلئے روانہ ہوگا جبکہ DMK ایم پی کنی موڑی کروناندھی کی سربراہی والا وفد اسپین، یونان، سلووینیا، Latvia اور روس جائے گا۔کثیر پارٹی وفود دہشت گردی کے خلاف بالکل برداشت نہ کرنے کے بھارت کے سخت پیغام کے ساتھ ہر طرح کی دہشت گردی کے خلاف لڑائی میں ملک کے قومی اتحاد اور عزم مصمم کو دنیا کے سامنے پیش کریں گے۔خارجہ سکریٹری وکرم مسری نے آج نئی دلّی کے پارلیمنٹ ہاؤس میں تین وفود کے ممبران کو اس کی تفصیل بتائی۔میٹنگ کے بعد میڈیا سے بات کرتے ہوئے شری کانت شندے نے کہا کہ اُن کے وفد کو بھارت میں ماضی میں ہوئے دہشت گردانہ حملوں کی جانکاری دی گئی اور یہ بھی بتایا گیا کہ پاکستان، بھارت میں سرحد پار دہشت گردی کو کس طرح فروغ دے رہا ہے۔

S/B Shrikant Shinde

پیش ہے ایک رپورٹ.........

VC Bhupendra Singh

پاکستان کی جارحیت کا آپریشن سندور کے ذریعے منہ توڑ جواب دینے کے بعد بھارت، پاکستان کو مزید بے نقاب کرنے کیلئے اپنا سفارتی رابطہ شروع کر رہا ہے کہ وہ دہشت گردی کو کس طرح اپنی سرکاری پالیسی کے طور پر استعمال کر رہا ہے۔ پہلگام میں بزدلانہ دہشت گردانہ حملے کے بعد آپریشن سندور شروع کیا گیا تھا۔ پاکستان کے ناپاک عزائم اور بھارت کے دہشت گرد مخالف کامیاب آپریشن پر بین الاقوامی برادری سے رابطہ قائم کرنے کیلئے تشکیل شدہ کثیر پارٹی پر مشتمل سات وفود میں سے پہلا وفد کل متحدہ عرب امارات اور مغربی افریقی ملکوں کے دورے پر روانہ ہوگا۔ بقیہ چھ وفود آنے والے دنوں میں اپنا دورہ شروع کریں گے۔ یہ وفود 5جون تک 32ملکوں کا دورہ کریں گے اور پاکستان کی اعانت والی دہشت گردی کے خلاف بھارت کے مستحکم موقف کو پیش کریں گے۔

دیواکر اور بھوپیندر سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں اسعداللہ

**BJP Opposition**

آج BJP نے کہا ہے کہ پاکستان کے زیر قبضہ کشمیر کے معاملے پر کسی دیگر ملک کی جانب سے ثالثی کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ آج نئی دلّی میں میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے پارٹی کے ترجمان سدھانشو تریویدی نے کہا کہ ثالثی کا معاملہ، جو اپوزیشن اٹھانے کی کوشش کر رہی ہے، اِس سلسلے میں حکومت نے بہت واضح طور پر کہا ہے کہ پاکستان کے زیر قبضہ کشمیر کا معاملہ، ایک دو طرفہ معاملہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ اِسے بھارت اور پاکستان کے درمیان باہمی طور پر حل کیا جانا چاہیے۔ جناب تریویدی نے کہا کہ اپوزیشن کو اپنے اصل جذبے کا اظہار کیا جانا چاہیے اور کم سے کم آپریشن سندور کے اختتام تک سیاست نہیں کرنی چاہیے۔ X

## Jaishankar Netherlands

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج Hegue میں نیندر لینڈ کے وزیر اعظم Dick Schoof سے ملاقات کی۔ دونوں رہنماؤں نے بڑھتے کلیدی تعلقات پر اطمینان کا اظہار کیا اور مسلسل اعلیٰ سطحی رابطوں کے ذریعے اشتراک کو مستحکم کرنے سے اتفاق کیا۔ جناب جے شنکر نے دہشت گردی سے نمٹنے میں اُس کی یکجہتی کے اظہار کیلئے نیدر لینڈر کا شکریہ ادا کیا۔ وزیر خارجہ Caspar Veldkamp کے ساتھ بات چیت میں طرفین نے تجارت، ٹیکنالوجی، صحت، زراعت اور تعلیم میں وسیع تر باہمی اشتراک کا جائزہ لیا اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجی، سیمی کنڈکٹر، مصنوعی ذہانت اور گرین ہائیڈروجن کے شعبوں میں شراکت داری کے امکانات تلاش کیے گئے۔ جناب جے شنکر نے وزیر دفاع Ruben Brekelmans سے بھی ملاقات کی اور دونوں فریقوں نے دفاع اور سکیورٹی میں اشتراک بڑھانے سے اتفاق کیا۔ x

## SC Judicial Services

سپریم کورٹ نے آج جوڈیشنل سروسز میں انٹری لیول کے عہدوں پر درخواست دینے کیلئے اِس شرط کو بحال کیا ہے کہ امیدوار کو ایک وکیل کے طور پر کم از کم 3 سال کا تجربہ ہو۔ کام کرنے کی مدت عارضی طور پر اندراج کئے جانے کی تاریخ سے شمار کی جا سکتی ہے۔ البتہ عدالت عالیہ نے کہا کہ یہ شرط مستقبل میں ہونے والی تقرریوں پر نافذ العمل ہوگا۔x

## SC Waqf

آج سپریم کورٹ نے وقف ترمیمی قانون 2025 کے سلسلے میں عبوری احکامات کو منظور کرنے کو چیلنج کرنے والی درخواستوں کی سماعت کی۔ سماعت کے دوران چیف جسٹس بی آر Gavai اور جسٹس اے جی Masih پر مشتمل بینچ نے مشاہدہ کیا کہ قانون پر روک لگانے کی خاطر ایک مضبوط کیس ہونا چاہیے۔ چیف جسٹس نے اِس بات پر زور دیا کہ عدالتیں اُس وقت تک پارلیمنٹ کی جانب سے منظور کیے گئے قانون میں مداخلت نہیں کرتیں جب تک کہ واضح طور پر اُس کا غیر آئینی ہونا ظاہر نہ ہو۔ بینچ کل مرکزی حکومت کے دلائل سنے گی۔ x

## Pradhan PM Poshan

تعلیم کے محکمے کے وزیر دھرمیندر پردھان نے آج PM Poshan اسکیم کے نفاذ کے سلسلے میں ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر انہوں نے اِس اسکیم کو بچوں میں تغذیے کو بہتر بنانے کی خاطر انتہائی اہم قرار دیا، جس سے بال واٹیکا سے آٹھویں کلاس تک اندراج اور حاضری کو فروغ حاصل ہوا ہے اور درمیان میں پڑھائی چھوڑنے والوں میں کمی آئی ہے۔ جناب پردھان نے مختلف ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی اسکیم کے موثر نفاذ کے سلسلے میں ستائش کی۔

## Retreat Ceremony

سرحدی سکیورٹی فورس BSF نے اعلان کیا ہے کہ پنجاب فرنٹیئر کے پاس تمام تینوں مشترکہ چیک پوسٹ پر Retreat کی تقریب آج سے شروع ہو رہی ہے۔ BSF کے مطابق آج کی تقریب صرف میڈیا کے افراد کیلئے ہوگی جبکہ کل یہ تقریب عوام کیلئے ہوگی۔ اٹاری، حسینی والا اور صَدقی پر ہونے والی Retreat کی تقریبات 8مئی کو، پاکستان اور پاک مقبوضہ کشمیر میں دہشت گردوں کے ٹھکانوں پر بھارت کے آپریشن سندور کے ایک دن بعد عوام کیلئے منسوخ کردی گئی تھی۔ BSF نے کہا ہے کہ سرحدی گیٹس بند رہیں گے اور پاکستانی رینجرس کے ساتھ روایتی ہاتھ ملانے کی تقریب منسوخ رہے گی۔x

## ARMY GOLDEN TEMPLE

بھارتی فوج نے اس رپورٹ کو مسترد کر دیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ گولڈن ٹیمپل میں ائیر ڈفنس گنس کی تعیناتی کی گئی ہے۔ بھارتی فوج نے واضح کیا ہے کہ امرتسر کے سری دربار صاحب کے احاطے میں کوئی بھی ائیر ڈفنس گنس تعینات نہیں کیا گیا ہے اور نہ ہی کوئی بھی فضائی دفاعی وسائل تعینات کیے گئے ہیں۔×

## Haryana Arrest

ہریانہ پولس نے آج 29بنگلہ دیشی شہریوں کو روہتک ضلع سے گرفتار کیا ہے۔ یہ افراد غیر قانونی طور پر روہتک کے کلانور علاقے میں رہائش پذیر تھے۔ کلانور پولیس نے کہا ہے کہ گرفتار کیے گئے تمام افراد اینٹ کے بھٹے پر کام کر رہے تھے پولیس نے یہ بھی کہا ہے کہ یہ بنگلہ دیشی شہری بھارت میں بغیر مجاز دستاویزات یا بغیر کسی شناختی کارڈ کے رہ رہے تھے اور جب ان سے دستاویزات مانگے گئے تو وہ نہیں دکھا سکے۔×

## CISF Everest Summit

سب انسپیکٹر گیتا Samota، ماؤنٹ ایوریسٹ فتح کرنے والی مرکزی صنعتی سکیورٹی فورس CISF کی پہلی آفیسر بن گئی ہیں۔ انہوں نے 8ہزار 849میٹر کی بلندی کو فتح کیا۔ CISF نے اُن کی اِس حصولیابی کو ایک سنگ میل قرار دیتے ہوئے اِسے فورس کی طاقت اور ہر صورتحال سے نمٹنے کی صلاحیت سے تعبیر کیا۔ CISF نے کہا کہ گیتا کی یہ کامیابی محض ایک ذاتی فتح نہیں ہے بلکہ صنف پر مبنی فرسودہ سوچ کو چیلنج کرتی ہے کیونکہ اِس سے مختلف شعبوں میں خواتین کی صلاحیتوں کا اظہار ہوتا ہے۔ x

☆☆☆☆☆☆